کتا کپڑ ے کو چاٹ لے تو؟

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم انگلینڈ کے رہائشی ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ ادھر کتے ہر جگہ ہوتے ہیں تو اگر کوئی کتا ہمیں چاٹ لے اور ہم نماز کو جارہےہوں تو کیا ہمیں اپنے کپڑے تبدیل کرنے ہوں گے ۔

سائل:توقیر فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اگر کتے نے کپڑے کو فقط چھوا ہے تو کپڑا پاک ہے ۔لیکن اگر کتے نے کپڑے کو چاٹ لیا اور اس کا لعاب بقدرِ درھم کپڑے کو لگ گیا تو کپڑا ناپاک ہوجائے گا کیونکہ اس کا لعاب ناپاک ہے۔

جیسا کہ فتاوی رضویہ میں ہے کہ کتا نجس ہے کیونکہ اس کا گوشت اور خون اور لعاب اور سور (جوٹھا)اور عرق(پسینہ) ہمارے نزدیک نجس ہے۔

(فتاوی رضویہ ج4 ص408)

اور بہار شریعت میں ہے کہ کُتّا بدن یا کپڑے سے چھو جائے، تو اگرچہ اس کا جِسْم تر ہو بدن اور کپڑا پاک ہے، ہاں اگر اس کے بدن پر نَجاست لگی ہو تو اور بات ہے یا اس کا لُعاب لگے تو ناپاک کر دے گا۔

(بہار شریعت ج1 حصہ 2 ص395)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

SALIVA OF DOG

QUESTION: What do the scholars and muftis of the mighty Shari'ah say regarding the following matter, we are residents of England and as you are aware, dogs are abundant here. If a dog was to lick us whilst we were going for prayer, would we have to change our clothes?

Questioner: Tauqeer from England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

If the dog has merely touched the clothes, then the clothes are pure. However, if the dog has licked the clothes and its saliva, equal to the size of a dirham, has soiled the garment, then it will become impure because its saliva is impure.

Just as it is mentioned in Fatāwā Ridawiyyah,

"A dog is impure because its meat, blood, saliva, leftover [food/water] and perspiration is impure according to us"

[Fatāwā Ridawiyyah, Volume 4, pg 408]

It is also stated in Bahār-e-Sharī'at,

"If a dog comes into contact with one's clothes or body, even though its [dog's] body was wet, the body and clothes will remain pure, however, if it has any impurity on its body then that is a different matter, or if its saliva touches the body or clothes then it will cause them to become impure"

[Bahār-e-Sharī'at, Volume 1, Part 2, pg 395]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qādrī
Translated by Zameer Ahmad